**SET-3**

**Series : SSO/1/C**

کوڈ نمبر
**Code No. 263/1/3**

**Roll No.** | | | | | | | | رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ کر لیں کہ اس پرچہ میں چھپے صفحات کی تعداد **7** ہے۔
- پرچہ کے اُوپر دائیں طرف چھپا کوڈ نمبر آپ کو اپنی جواب کی کاپی کے اوپری صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- تصدیق کر لیجئے کہ پرچہ میں چھپے سوالوں کی تعداد **25** ہے۔
- **کِسی سوال کا جواب لکھنا شروع کرنے سے پہلے اُسکا پرچہ کے مطابق سلسلہ وار نمبر جواب کی کاپی میں لکھ دیجئے۔**
- آپ کو سوالوں کے پرچہ کو پڑھنے کے لیئے 15 منٹ کا مزید وقت دیا گیا ہے۔ پرچہ 10 بجکر 15 منٹ تک طلباء میں بانٹ دیا جائیگا۔ 10 بجکر 15 منٹ سے 10 بجکر 30 منٹ تک طلباء پرچہ کو فقط پڑھینگے اور اِس دوران میں وہ جواب کاپی میں کوئی جواب نہیں لکھینگے۔

- Please check that this question paper contains **7** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **25** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# کاروباری علوم (عِلمِ تجارت)
# BUSINESS STUDIES

مقررہ وقت : 3 گھنٹے | کُل نمبر : 80

*Time allowed : 3 hours]* | *[ Maximum marks : 80*

**عام ہدایات :**

(i) **1** نمبر کے سوال کا جواب **1** لفظ سے **1** فقرہ تک ہوسکتا ہے۔

(ii) **3** نمبروں کے سوال کا جواب **50** سے **75** الفاظ تک ہوسکتا ہے۔

(iii) 4 یا 5 نمبروں کے سوال کا جواب لگ بھگ 150 الفاظ تک ہو سکتا ہے۔

(iv) 6 نمبروں کے سوالوں کے جواب فی سوال 200 الفاظ تک ہو سکتے ہیں۔

(v) کسی ایک سوال کے سبھی حِصّوں کے جواب، جواب کاپی میں ساتھ ساتھ لکھیے۔

1. دیوالی کے موقع پر روی نے ''نندن سوئٹس'' سے دو کلو مٹھائی خریدی۔ مٹھائی کو کھانے کے بعد اس کی بیوی بیمار پڑ گئی اور اسے اسپتال میں بھرتی کرانا پڑا، روی کنزیومر فورم میں شکایت درج کرنا چاہتا تھا، لیکن اس کے پاس ''نندن سوئٹس'' سے مٹھائی خریدنے کا کوئی ثبوت نہ ہونے کی وجہ سے وہ ایسا نہیں کر سکا۔ کنزیومر فورم میں شکایت درج کرنے کے لیے روی کو جو ثبوت حاصل کرنا چاہیے تھا، اسکا نام بتایئے۔ 1

2. ایک ٹیلی ویژن (ٹی۔وی۔) بنانے والی کمپنی امکانی خریداروں (ٹارگیٹ گاہکوں) کو اس کے ٹی۔وی۔ سیٹ خریدنے کے لیے ترغیب دینے کے لیے اشتہارات، شخصی فروخت، سیلز پرموشن اور (فروخت کو بڑھانے) کی تکنیکوں پر بھاری رقم خرچ کر رہی ہے۔ یہاں پر مارکیٹنگ مکس عنصر کی نشاندہی کیجیے۔ 1

3. ایک کپڑا بنانے والی کمپنی تنوع پیدا کرنا چاہتی ہے۔ کمپنی ایک اسٹیل مینوفیکچرنگ پلانٹ لگا رہی ہے۔ کمپنی کی قائم پونجی (fixed capital) پر تنوع پیدا کرنے کے اثر کا سبب کے ساتھ بیان کیجیے۔ 1

4. سرمایہ کاری کے فیصلے کے علاوہ مالیات (فنانس) کا کام دو اور بڑے فیصلوں سے تعلق رکھتا ہے۔ ان فیصلوں کے نام بتایئے۔ 1

5. اسکول کے سالانہ جلسے کو کامیاب بنانے کے لیے پرنسپل نے سبھی کاموں کو گروپ میں بانٹ دیا ہے۔ ہر ایک گروپ کا ایک خاص کام ہے جیسے ریہرسل، سجاوٹ، اسٹیج منجمنٹ، ریفریشمنٹ وغیرہ کی دیکھ بھال کرنا۔ ہر ایک گروپ کے کام کو ایک سنیئر ٹیچر کی نگرانی میں رکھا گیا تھا، ایسا کرنے میں پرنسپل کے ذریعے منجمینٹ کے جس کام کو ادا کیا گیا اس کی نشاندہی کیجیے۔ 1

6. منصوبہ بندی کی ایک قسم کے طور پر 'طریقہ کار' کے معنی بتائیے۔ 1

7. 'تال میل' اجتماعی (گروپ کی) کوششوں کو متحد کیسے کرتا ہے؟ بیان کیجیے۔ 1

8. منیجمنٹ میں 'لیاقت' کے کیا معنی ہیں؟ 1

9. غیر رسمی تنظیم کی کوئی تین حدود بیان کیجیے۔ 3

10. 'نیہا گڈ لک گارمینٹس لمٹیڈ' میں دس سال سے علاقائی سیلز منیجر تھی۔ مارکیٹنگ منیجر کے ریٹائرڈ ہونے پر نیہا نے اس عہدے کے لیے درخواست دی کیونکہ یہ اس کی بہت بڑی تمنا تھی اور اس نے مارکیٹنگ منیجر بننے کے لیے اپنے آپ کو وقف کر دیا تھا اور اس نے اپنی ساری طاقت مارکیٹنگ منیجر کا عہدہ حاصل کرنے میں لگا دی تھی، لیکن کمپنی کے اعلیٰ سطح کے منیجمنٹ نے فیصلہ کیا کہ کمپنی سے باہر کے ایک بہتر شخص کو اس عہدے پر مقرر کیا جائے۔ اس کی وجہ سے نیہا کا دل ٹوٹ گیا اور اس کی کارکردگی میں کمی آئی۔

جب نئے مارکیٹنگ منیجر نے اپنا عہدہ سنبھالا تو اس کی ایک بڑی پریشانی یہ تھی کہ نیہا کو کام کرنے کی اس کی پچھلی سطح پر لانے کے لیے کیسے ترغیب دی جائے اور ابھارا جائے؟

نئے مارکیٹنگ منیجر کو کوئی تین غیر مالی ترغیب دینے کا مشورہ دیجیے جن کے استعمال سے نیہا کو ترغیب دی جا سکے۔ 3

11. 'اسٹاک ایکسچینج کے ٹھیک طریقے پر کام کرنے سے نئے ایشوز کے لیے ایک سازگار ماحول تخلیق ہوتا ہے تا کہ ایک فعال اور روبہ ترقی پرائمری بازار وجود میں آ سکے اور سیکنڈری بازار کے لیے فعال اور صحت مند ماحول بھی پیدا ہو سکے۔' اس قول کی روشنی میں اسٹاک ایکسچینج (شیئر بازار) کے کوئی تین اہم کام بیان کیجیے۔ 3

12. اس عمل کا نام بتایئے اور اس کی تعریف بیان کیجیے جو کسی عہدے یا کام کے لیے (ممکنہ امیدواروں) یا خواہش مند ملازمین کی تلاش میں مدد کرتا ہے۔ 3

13. برانڈ نام کا انتخاب کرتے وقت کچھ خصوصیات کو دھیان میں رکھنا ضروری ہے۔ ایسی کوئی دو خصوصیات بیان کیجیے جو ایک اچھے برانڈ نام میں ہونی چاہیے۔ 3

14. مسٹر نریش نے حال ہی میں ایک انڈین منجمینٹ انسٹی ٹیوٹ سے انسانی وسائل منجمینٹ (Human Resource Management) میں ایم۔بی۔اے۔ کی ڈگری حاصل کی ہے۔ اس کو ایک سڑک بنانے والی کمپنی میں انسانی وسائل منیجر (Human Resources Manager) کی نوکری ملی ہے۔ اس کمپنی میں 1500 ملازمین ہیں اور سردست اس کے پاس ایک توسیعی پلان بھی ہے جس میں اسے مختلف قسم کے کاموں کے لیے مزید 500 آدمیوں کی ضرورت ہوسکتی ہے۔ مسٹر نریش کو کمپنی کے شعبہ انسانی وسائل کا مکمل چارج دے دیا گیا ہے۔

ان خصوصی سرگرمیوں کی ایک فہرست بنایئے جو کمپنی کے انسانی وسائل کے منیجر کی حیثیت سے مسٹر نریش کو انجام دینی ہیں۔ 4

15. اس کے معنی پہلے سے یہ طے کرنا کہ مستقبل میں کیا کرنا ہے اور کیسے کرنا ہے؟ یہ منیجر کے بنیادی کاموں میں سے ایک ہے۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ کچھ بھی کرنے سے پہلے منیجر غور و فکر کرے کہ اس خاص کام کو کیسے کیا جائے۔ اس کام کا تعلق تخلیقیت اور اختراعی صلاحیتوں سے ہے۔ یہ ہم کہاں کھڑے ہیں اور ہمیں کہاں جانا ہے کے درمیان پل کا کام کرتا ہے۔ یہ ایسا کام ہے جسے اسے منجمینٹ کی ہر ایک سطح پر کرنا ہوتا ہے۔ اس کے باوجود بھی منجمینٹ کے اوپر بیان کیے گیے کام کی کچھ حدیں (کمیاں) ہیں۔ ایسی کوئی دو حدیں (کمیاں) سمجھایئے۔ 4

16. ایک ماحولیات بیدار ملٹی نیشنل کمپنی 'اے ایکس این لمٹیڈ' (AXN Ltd.) اپنے کاروباری معاملات میں چند طے شدہ رہنما اصولوں کی پابند ہے۔ جس کے نتیجے میں ملازمین پر آنے والا خرچ کم ہو جاتا ہے۔ 'اے ایکس این لمٹیڈ' (AXN Ltd.) ماحولیات سے متعلق جن عوامل پر عمل کرتی ہے اُن میں سے چند درج ذیل ہیں :

(1) جن ملکوں میں کمپنی چلتی ہے ان ملکوں کے قانون کا احترام کرو۔

(2) ہر ملک کی تہذیب اور رسم و رواج کی عزت کرو۔

(3) دنیا بھر میں صاف اور محفوظ اشیاء فراہم کرو تاکہ معیار زندگی بہتر ہو سکے۔

(4) کمپنی میں ایک ایسی تہذیب کو فروغ دو جو انفرادی تخلیقت اور ٹیم ورک کی قدر کو فروغ دے۔ اور جس میں باہمی اعتماد کی عزت اور کام کرنے والوں اور منجمینٹ کے درمیان احترام کا جذبہ موجود ہو۔

اوپر دیے ہوئے اصولوں میں سے

(i) منجمینٹ کے کسی ایک عام اصول اور کسی ایک کاروباری ماحولیاتی جہت کی نشاندہی کیجیے اور اس کے بارے میں بتائیے۔

(ii) کسی ایسی دو اقدار کی بھی پہچان کیجیے جنھیں اوپر کے طے شدہ رہنما اصول اور ماحولیاتی عوامل سماج تک پہنچاتے ہیں۔ **4**

17. وضاحت کیجیے کہ کاروباری ماحول کی سمجھ منجمینٹ کو درج ذیل امور میں کس طرح مدد کرتی ہے :

(a) کارآمد وسائل کے حصول میں

(b) تیزتر تبدیلیوں کا سامنا کرنے میں **4**

18. ایک کمپنی کے تنوع (diversification) کے علاوہ قائم سرمایہ کی ضرورتوں پر اثرانداز ہونے والے کوئی چار عوامل بیان کیجیے۔ **4**

19. آپ کی کمپنی نے کشمیر میں سیب کا جوس تیار کرنے والی روزانہ 10,000 لیٹر جوس تیار کرنے والی فوڈ پراسیسنگ اکائی کو قائم کیا ہے۔ کمپنی کا منصوبہ سیب کے جوس کو 100 ملی لیٹر والے ٹیٹراپیک میں پیک کرنے کا ہے۔ اس کے لیے ایک لیبل ڈیزائن کیجیے۔ **4**

20. ایک کمپنی 20,000 ₹ کروڑ کے اتھورائیزڈ شیئر کیپٹل کے ساتھ کمپنی ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہے۔ اس کا رجسٹرڈ آفس دہلی میں ہے اور مینوفیکچرنگ اکائی راجستھان کے ایک پچھڑے ضلع میں واقع ہے۔ اس کا مارکیٹنگ ڈپارٹمنٹ بھوپال میں ہے۔ یہ کمپنی فاسٹ موویںگ کنزیومر گڈس (FMCG) کی مینوفیکچرنگ کرتی ہے۔

(i) ایک ڈائی گرام کی مدد سے سمجھائیے کہ کمپنی کے لیے مناسب تنظیمی ڈھانچہ کیا ہوگا۔

(ii) اس تنظیمی ڈھانچے کے کوئی تین فائدے بیان کیجیے۔ **5**

21. 'وہ تنظیمیں جو مؤثر ترسیل کی خواہش مند ہوتی ہیں، انھیں ترسیل کی رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے مناسب تاثر پیدا کرنے کے طریقے اپنانے چاہئیں اور ترسیل کے تاثر پیدا کرنے میں سدھار لانے چاہئیں' ایسے کوئی پانچ طریقے بتاتے ہوئے انھیں سمجھائیے۔ **5**

22. 'آئی۔فون انڈیا لمٹیڈ' جدید قسم کے موبائل فون کی مینوفیکچرر ہے۔ کمپنی نے اپنے انجینیروں کو جاپان سے ٹریننگ دلوائی ہے۔ یہ ہندوستانی بازار اور بین الاقوامی بازار کے لیے موبائل فون بنا رہی ہے۔ بازار میں اس کے مال کی اچھی کھپت تھی۔ فون کی اچھی کوالٹی ہونے کی وجہ سے اس کے گاہکوں میں بھی اس کے مال کی ساکھ تھی۔

پچھلے مالی سال سے کمپنی بازار میں دوسری کمپنیوں کے مقابلہ میں آنے کی وجہ سے اپنے ٹارگیٹ کو حاصل نہیں کر پا رہی ہے۔ اب کمپنی منصوبہ بنا رہی ہے کہ اپنے کنٹرول کے نظام کو از سر نو درست کیا جائے۔

(i) اوپر دیے گئے پیراگراف میں شامل منجمینٹ کے تصورات کی نشاندہی کیجیے۔

(ii) کنٹرول کے عمل کو از سر نو درست کرنے کے ان اقدامات کو بیان کیجیے جن کے ذریعے کمپنی اپنے اس مسئلے کا حل تلاش کر سکے۔

(iii) ایسی کسی ایک قدر کو بیان کیجیے جسے کمپنی سماج تک پہنچانا چاہتی ہے۔ **5**

23. امن، احمد اور ایلی ایک فرم کے کاروباری ساتھی ہیں، جو ریاست مہاراشٹر میں ڈیری پروڈکٹس کا کاروبار کرتے ہیں۔ امن نے سینٹرل بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن سے سنیر سیکنڈری اسکول سرٹیفکٹ میں اپنے الیکٹو مضامین میں کاروباری علوم پڑھا ہے۔ احمد نے تاریخ میں ایم۔اے۔کیا ہے اور ایلی نے ڈیری فارمنگ میں پوسٹ گریجویشن کی ہے۔ ایک دن احمد اور ایلی کے درمیان منیجمنٹ کی نوعیت کے موضوع پر بڑی بحث ہوئی۔ احمد کی دلیل یہ تھی کہ منیجمنٹ ایک پیشہ ہے۔ جبکہ ایلی اس کے خلاف تھی۔ اس کا کہنا تھا کہ قانون اور میڈیکل کے پیشے ہی صرف پیشے ہیں۔ اپنے کاروباری معاملہ کے علم کی بنیاد پر امن نے احمد اور ایلی کو ایک پیشے کے لحاظ سے منیجمنٹ کی نوعیت سمجھائی۔
آپ وضاحت کیجیے کہ اس نے احمد اور ایلی دونوں کو کس طرح مطمئن کیا ہوگا۔ **6**

24. سیلز پرموشن میں پبلک رلیشن کے رول کو بیان کیجیے۔ **6**

25. مالی بندوبست (فنانشل بازار) کے کاموں کو سمجھائیے۔ **6**

---